جا سکے۔ مجھے یقین ہے کہ اس کتاب کا مطالعہ ان شاء اللہ اُردو ادبیات میں سیرت نگاری کے اسلوب میں ایک مثبت تبدیلی کا باعث ہوگا۔

نام کتاب: اذکارِ سیرتؐ

مؤلف: پروفیسر سید محمد سلیمؒ

مرتب: سید عزیز الرحمٰن

صفحات: ۲۴۰ قیمت: ۱۴۰/روپے

ناشر: زوّار اکیڈمی پبلی کیشنز، کراچی

تبصرہ نگار: ملک نواز احمد اعوان

پروفیسر سید محمد سلیم رحمتہ اللہ علیہ (۱۹۲۳ء۔۲۰۰۰ء) صاحبِ دل، مردِ مومن، استاد، ماہرِ تعلیم، مؤرخ، محقق اور عالمِ بے بدل تھے۔ علومِ قدیم اور جدید کے جامع تھے۔ سید صاحب فی الواقعہ نابغۂ عصر تھے، اپنے زُہد واتقا، علم وفضل، غیرتِ دینی اور مومنانہ بصیرت کے جلو میں وہ قرونِ اُولیٰ کے آئمہ اسلام کی سچی تصویر تھے۔ اُن کی ذات جامع الصفات اور تشنگانِ علم وہدایت کے لئے سرچشمۂ فیض تھی۔ انہوں نے زیادہ وقت علمی مراکز سے دور شکار پور، منصورہ میں گزارا۔ پھر ایک وقت آیا کہ آپ سرکاری نوکری سے سبک دوش ہوکر ڈائریکٹر ادارہ تعلیمی تحقیق تنظیم اساتذہ پاکستان کے منصب پر فائز ہوکر لاہور جیسے علمی شہر میں رہائش پذیر ہوئے اور بے شمار مضامین تعلیم، تاریخ اور دوسرے دینی موضوعات پر تحریر فرمائے۔ ان میں سیرت اور متعلقاتِ سیرت پر بھی بہت سے مضامین اور مقالات شامل ہیں۔ اس گراں قدر کتاب میں ان مقالات اور مضامینِ سیرت کو سید عزیز الرحمٰن صاحب نے جمع کردیا ہے۔

اس کتاب میں جو مقالات جمع کئے گئے ہیں اُن کی تفصیل درج ذیل ہے۔ اقوامِ عالم کی تشکیل ہعرب کا حصہ، فہم سیرت، سیرتِ طیبہ ﷺ کا مطالعہ عہدِ جدید میں کس طرح ہماری رہنمائی کرتا ہے، عصرِ نو حضرت محمد ﷺ لے کر آئے، مکے میں دعوتِ حق کا ظہور، اسلام کی دعوت کا نبوی طریقِ کار، بنی نوع انسانی پر حضور ﷺ کے احسانات، صلحِ حدیبیہ: سیاستِ نبوی ﷺ کا شاہکار، رسولِ اکرم ﷺ کا اُسوۂ تعلیمی، رسول اللہ ﷺ بحیثیت حکیم و مدبر، معاملہ فہمی سیرتِ طیبہ ﷺ کی روشنی میں، اسلام میں دینی زندگی کے تصور کی وسعت، داعیِ اعظم ﷺ اور کثرتِ ازواج، سیرتِ طیبہ اور فنونِ لطیفہ، زکوٰۃ اور

رفاہِ عامہ تعلیماتِ نبوی کی روشنی میں، مسلمان استاد، اوصاف و کردار تعلیماتِ نبویؐ کی روشنی میں، ناموسِ رسول ﷺ کے جان کا نذرانہ پیش کرنے والے جاں نثار۔

نبی اکرم ﷺ سے جو محبت اور عقیدت ایک مسلمان کے دل میں ہمیشہ سے ہے اور ہمیشہ رہے گی اس کا اظہار مختلف طریقوں سے ہوتا چلا آیا ہے، سیرت پر تقاریر، خطاب، کتبِ مقالات، مضامینِ نعت و منقبت کا ایک لامتناہی سلسلہ ہے جو ورفعنا لک ذکرک کا تخلیقی اظہار ہے۔ سید محمد سلیم صاحب نے بھی اس کتاب میں سہل دعوتی زبان میں مضامینِ نو کا گل دستہ سجا دیا ہے۔ ویسے تو تمام مضامین و مقالات اپنی اپنی جگہ اہمیت کے حامل ہیں لیکن سیرتِ طیبہؐ اور فنونِ لطیفہ ایسا عجیب و غریب اور فکری طور پر عمیق مقالہ ہے جس کی نظیر کم ہی ملتی ہے۔ راقم الحروف نے عرصے بعد ذہنی الجھنوں کو دور کرنے والا یہ مقالہ پڑھا اور بار بار پڑھا، بہت سی ذہنی اُلجھنیں اس سے دور ہوئیں۔

سید محمد سلیم صاحب نے بڑی محبت اور عقیدت سے نہایت آسان زبان میں اپنے مافی الضمیر کو صفحۂ قرطاس پر نقش کر دیا ہے۔ یہ کتاب ان کے لئے صدقۂ جاریہ ثابت ہوگی، ان شاء اللہ۔ کتاب مجلد اور خوب صورت سرورق سے مزین ہے۔

نام کتاب: مولانا شبلی نعمانی بحیثیت سیرت نگار

مصنف: ظفر احمد صدیقی

ناشر: بیت الحکمت بہ اشتراک دارالنوادر، لاہور ۲۰۰۵ء

قیمت: ۱۹۰ روپے صفحات: ۳۰۴ (مع اشاریہ)

تبصرہ نگار: ڈاکٹر نثار احمد

زیرِ نظر کتاب جناب ڈاکٹر ظفر احمد صدیقی کے زورِ قلم کا نتیجہ ہے جس میں انہوں نے مولانا شبلی کی سیرت النبی ﷺ کا تحقیقی و تنقیدی جائزہ پیش کیا ہے۔ اصلاً یہ کتاب ان کے ڈاکٹریٹ کے مقالہ "علامہ شبلی کی علمی ادبی خدمات" کے ایک باب کا پھیلاؤ ہے جو تدریجاً تفصیل اور تہذیب و ترتیب کے بعد پہلے مجلّہ ترجمان الاسلام بنارس میں بالاقساط شائع ہوا اور اب کتابی صورت میں جلوہ گر ہے۔

اس مقالہ/کتاب میں بجائے خود اتنے علماء، فضلاء اور محققین کی آراء، تبصرے اور استدراکات شامل ہیں کہ موجودہ کتاب میں مزید تبصرہ کی حاجت نہیں البتہ قارئین کے لئے تعارف کی غرض سے کچھ تفصیل کافی ہوگی۔